جانِ محمد کے ماتم میں عَرشَ بھي روئیگا

جانِ محمد کے ماتم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا
حشرتلك شبّیرکے غم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

قبر میں پیغمبر روتے ھے فاطمة حیدر جان کھوتے ھے
سبطِ پیمبر کے ماتم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

کُنبه نبي والو کا پیاسا گھر ھے مصیبة میں زھراء کا
مھمانِ بے نِیرکے غم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

دو ھي پھر میں گلشن اُجڑا نورِ خدا کا ریتي په بِکھرا
باغِ نبوة کے ماتم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

شادي کے کپڑے کفن میں بدلے دولها فِداءِ هونے کو نِکلے
دولها کي تقدیر کے غم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

ٹوٹي کمر عبّاس کے غم سے روئے بُہت بھائي کے الم پہ
شہ کے برادر کے ماتم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

سینے پہ جِسکے برچھي ماري کانڈھے پہ جِسکي لاش اُٹھائي
احمد کي تصویر کے غم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

رکھ کے لحد میں لاشۂِ اصغر قبر پہ روئے دلبرِ حیدر
بانو کے بے شیر کے غم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

شمر نے ٹھوکر ماري شہ کو حلق پہ رگڑا کُند چُھوري کو
تشنہ دھن مظلوم کے غم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

منھ کو چھُپائے بالو سے اپنے زینب بازارو میں تڑپه
شاہ کي اِس ھمشیر کے غم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

سُن کے بیان بُرھانِ ھدٰی کا کرتا ھے ماتم اَدنیٰ و اَعلٰی
پیاسے بَہتّر کے ماتم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

اٰئے محمد شه کي یاري کرتا رھے ماتم یہ جمالي
حافظِ ایمان کے ماتم میں عَرشَ بھي روئیگا فرش بھي روئیگا

*****